English–Urdu

مینڈک اور وسیع دُنیا

Frog and the Wide World

Max Velthuijs

مینڈک اور وسیع دُنیا

Frog and the Wide World

Max Velthuijs

Urdu translation by Gulshan Iqbal

MILET

چُوہے نے پہاڑی کی چوٹی پر کھڑے ہو کر افق کی طرف دیکھا۔
''دُنیا بہت خُوبصورت ہے،'' اُس نے ٹھنڈی سانس لیکر کہا۔ اور اچانک بے چین ہوگیا۔
''اَب مُجھے سفر پر نِکل جانا چاہیئے۔''

Rat stood on the top of a hill and looked out towards the horizon.
"The world is quite beautiful," he sighed. And at once he felt restless.
"It is time for me to go on my travels."

اگلے دِن صُبح سویرے اُس نے تھیلے میں ضرورت کی چیزیں ڈالی۔ اور گرمجوشی کے ساتھ مہم پر جانے کے لئے سفر شروع کیا۔

Early the next morning, he filled his rucksack with things he might need, and provisions to last him the journey. Then he started on this way, eager for adventure.

ابھی وہ زیادہ دُور نہیں گیا تھا کہ اُسے ایک چیخ کی آواز آئی۔ ''میرا انتظار کرو!'' اُس نے اِرد گِرد دیکھا، تو کیا نظر آیا کہ مینڈک جلدی سے اُس کی طرف آ رہا تھا۔

''چُوہے!'' مینڈک نے کہا۔ ''آپ کِدھر جا رہے ہیں؟''

''وسیع دُنیا میں،'' چُوہے نے کہا۔ ''مَیں مہم جوئی پر جا رہا ہُوں۔''

He hadn't gone far when he heard a shout. "Wait for me!" He looked round, and saw Frog hurrying towards him.

"Rat!" said Frog. "Where are you going?"

"Out into the wide world," said Rat. "To seek adventure."

”کیا مَیں آپ کے ساتھ آ سکتا ہُوں؟“ مینڈک نے خُوش ہوتے ہُوئے کہا۔
”بالکل نہیں!“ چُوہے نے چیخ کر کہا۔ ”آپ اِس قِسم کے سفر کے لئے بہت چھوٹے ہیں۔“
”اوہ پلیز، چُوہے۔ مَیں چھوٹا ہُوں مگر بہت طاقتور ہُوں۔ مَیں چیزیں اُٹھاؤں گا اور دونوں کے اکٹھے ہو کر جانے سے بہت مزہ آئے گا۔“

"May I come with you?" asked Frog in great excitement.
"Absolutely not!" exclaimed Rat. "You are far too small for such a long journey."
"Oh, please, Rat. I'm small but I'm strong. I'll carry things. And two is more fun than one."

''تب آ جاؤ،'' چُوہے نے کہا۔ ''لیکن پِیچھے نہ رہ جانا!''
تو بس دونوں دوست مِل کر وسیع دُنیا کی سیر کو نِکلے۔ مینڈک نے تھیلا اُٹھایا اور چُوہا آگے آگے تھا۔ ''یہ بہت خُوبصورت ہے،''
مینڈک نے تھوڑی دیر کے بعد کہا۔ ''یہ گھر سے مُختلف ہے۔'' اِس سے پہلے وہ گھر سے دُور کبھی نہیں گیا تھا۔

"Come on, then," said Rat. "But don't fall behind!"
So together the two friends went out into the wide world. Frog carried the rucksack and Rat led the way. "This is pretty," said Frog after a while. "It's different from home."
He had never been so far afield before.

تھوڑی دیر چلنے کے بعد مینڈک بیٹھ گیا۔ ''مجھے بھوک لگی ہے،'' اُس نے کہا۔ ''ہم کھانا کب کھا سکتے ہیں؟''
''کیا؟'' چُوہا چیخا۔ ''ابھی تو ہم نے سفر شروع کیا ہے!''

After they had walked a little further, Frog sat down. "I'm hungry," he said. "When can we have lunch?"
"What?" exclaimed Rat. "We've only just started our journey!"

اُسی وقت اُس نے مونگ پھلی کے مکھن والے سینڈ وِچز تھیلے سے نکالے۔ وہ بھی کھانے کے لئے تیار تھا۔ ''یہ تھوڑا سا کھانا ہے،'' اُس نے سختی سے کہا۔ ''ابھی ہمارا سفر لمبا ہے۔''

All the same, he took two peanut-butter sandwiches from the rucksack. He was ready for a bite to eat himself. "It's only a snack, mind," he said sternly. "We still have a long way to go."

جب اُنھوں نے ختم کر لیا، تو وہ پِھر چل پڑے۔ ''کیا ہم قریب پہنچ گئے ہیں؟'' مینڈک نے پُوچھا۔
''کہاں؟'' چُوہے نے جواب دیا۔ ''وسیع دُنیا میں،'' مینڈک نے کہا۔
''ہم کیسے پہنچ سکتے ہیں؟'' چُوہے نے بے صبری سے کہا۔ ''ابھی تو مُشکل سے ہم نے گھر چھوڑا ہے۔''

When they had finished, they set out once more. “Are we nearly there?” asked Frog.
“Where?” replied Rat. “The wide world,” said Frog.
“How can we be?” said Rat impatiently. “We’ve hardly left home.”

جب اُنھوں نے چلنا بند کیا تو سورج تقریباً غروب ہو چکا تھا۔ مینڈک زمین پر گِر پڑا۔
''مَیں تھک گیا ہُوں اور مَیں زیادہ چل نہیں سکتا،'' اُس نے روہانسی شکل بناتے ہُوئے کہا۔ ''ہم گھر کب جا رہے ہیں؟''
''گھر؟'' چُوہا حیران رہ گیا۔ ''کہیں بھی نہیں! یہی جگہ ہے جہاں ہمیں رات گُزارنی ہے۔''

When they stopped walking, the sun had almost set. Frog collapsed on the ground.
"I'm tired. I can't walk any further," he moaned. "When are we going home?"
"Home?" Rat was astonished. "None of that! This is where we're going to spend the night."

چُوہے نے ایک آرام دِہ جگہ کا انتخاب کیا اور دونوں آرام کے لئے لیٹ گئے۔ ''چُوہے،'' مینڈک نے تھوڑی دیر کے بعد کہا، ''مَیں سو نہیں سکتا۔'' ''اپنی آنکھیں بند کر لو اور جو چیز آپ کو زیادہ پسند ہے اُس کے بارے میں سوچو،'' چُوہے نے کہا۔ مینڈک نے کوشش کی لیکن کام نہ بن سکا۔ اُسے عجیب و غریب قِسم کے شور کی آوازیں سُنائی دے رہی تھیں۔ یہ شاید شیر ـ ـ ـ یا ٹائیگر تھا۔

Rat chose a comfy spot and they both lay down to rest. “Rat,” said Frog after a little while, “I can’t sleep.” “Close your eyes and think of your favourite things,” said Rat. Frog tried but it didn’t work. He could hear strange noises. It was probably lions . . . or tigers.

جب صُبح ہُوئی تو مینڈک اُٹھنا نہیں چاہتا تھا۔ لیکن چُوہے کا پکا اِرادہ تھا، اور وہ سفر پر چل پڑے، پہاڑیوں کے
اُوپر نِیچے ہوئے ہُوئے وہ بہت بڑی دُنیا میں پہنچ گئے۔ ''کیا اَب ہم تقریباً وہاں پہنچ گئے ہیں؟'' مینڈک نے ہانپتے ہُوئے کہا۔
''نہیں ابھی نہیں پہنچے،'' چُوہے نے کہا۔ ''اگر آپ وسیع دُنیا دیکھنا چاہتے ہیں تو حوصلہ رکھیئے۔''

When morning came, Frog didn't want to get up. But Rat was firm, and off they set, up hill and down dale, into the wide world. "Are we nearly there now?" panted Frog. "Not nearly," said Rat. "If you want to see anything of the wide world you have to persevere."

اچانک آسمان تاریک ہوگیا۔ سُورج بادلوں کے پِیچھے چُھپ گیا اور بارش ہونا شروع ہوگئی،
پہلے تھوڑی بارش ہُوئی لیکن پِھر بہت زبردست بارش ہُوئی۔ دونوں دوست پناہ لینے کے لئے بھاگے۔

Suddenly, the sky grew dark. The sun disappeared behind the clouds and it began to rain, softly at first but then harder and harder. The two friends rushed for shelter.

وہ سُوکھ گئے تھے مگر مینڈک کو ٹھنڈ لگ گئی تھی۔
''مَیں سوچتا ہُوں کہ گھر پر سب کیسے ہوں گے،'' اُس نے حسرت سے کہا۔ ''مَیں سوچتا ہُوں کہ پیٹ کیسا ہو گا؟ اور بطخ اور خرگوش؟''
''بارش بند ہو گئی تھی،'' چُوہے نے کہا۔ ''آ جاؤ!''

They were dry but Frog was cold.
"I wonder how things are at home," he said wistfully. "I wonder how Pete is? And Duck and Hare?"
"The rain has stopped," said Rat. "Come on!"

وہ چلتے رہے یہاں تک کہ ایک بڑے کُھلے میدان میں آ گئے۔ اُنھوں نے پتھروں اور چٹانوں کو پھلاندا۔
''یہ دیکھو! کیا خُوب ہے یہ؟'' چُوہے نے کہا۔ لیکن مینڈک سر کے بل گِر گیا، اور کُچھ نہیں دیکھ سکا۔

They walked and walked until they came to some wild, deserted mountains. Up they clambered, over rocks and stones.
"Look at this! Isn't this fantastic?" called Rat. But Frog had fallen, head over heels, and couldn't see anything.

''مُجھے لگتا ہے کہ میرا پاؤں ٹُوٹ گیا ہے،'' مینڈک نے ٹھوکر کھا کر روتے ہُوئے کہا۔
''یہ اتنا درد کرتا ہے، کہ مَیں مُشکل سے چل سکتا ہُوں۔''
''اِس سے کُچھ نہیں ہو گا،'' چُوہے نے بڑبڑاتے ہُوئے کہا۔ ''اَب سے مَیں آپ کو اُٹھا لُوں گا۔''

"I think my foot is broken," wept Frog as he stumbled on.
"It hurts so much, I can hardly walk."
"This will get us nowhere," grumbled Rat. "From now on, I'll carry you."

اُس نے مینڈک کو پِیچھے اُٹھا لیا اور چل پڑا۔

''شاید پیٹ کیک بنا رہا ہے،'' مینڈک نے کہا۔ ''اور مَیں سوچتا ہُوں کہ بطخ اور خرگوش کیا کر رہے ہوں گے؟
گھر پر ہمیشہ اکٹھے ہمیں بہت مزہ آتا تھا۔''

He lifted Frog onto his back and marched on.
"Perhaps Pete is baking a cake," said Frog. "And I wonder what Duck and Hare are doing? We always have such fun together, at home."

''آپ نے ساری عمر گھر بیٹھ کر گُزاری ہے،'' چُوہے نے کہا۔ ''اَب اِس وقت ہم غیر مُلک کی طرف جا رہے ہیں۔
اپنے اِرد گِرد دیکھو! دیکھو یہ کِس قدر خُوبصورت ہے؟ اور ہر جگہ اجنبی ہے۔''

"You have the rest of your life to sit around at home," said Rat. "Right now, we're on our way to foreign lands. Look around you! See how beautiful it is? And everywhere is the unknown."

جب آخر کار وہ ایک گھاس والی جگہ پر پہنچے، چُوہے نے مینڈک کو نیچے اُتارا۔
''میں تھک گیا ہُوں،'' اُس نے کہا۔ ''ہم یہاں سوئیں گے۔''

When at last they reached a grassy plain, Rat put Frog down.
"I'm exhausted," he said. "We shall sleep here."

''یہاں پر؟'' مینڈک نے ڈرتے ہُوئے پُوچھا۔ ''گھر پر میرا چھوٹا سا بستر دُنیا سے بہتر ہے ۔۔۔''
لیکن مینڈک تھکا ہُوا تھا اور جلد ہی گہری نیند سو گیا۔

"Here?" asked Frog, dismayed. "At home I have the best little bed in all the world . . . "
But Frog was tired, too, and he soon fell fast asleep.

لیکن جب وہ اگلی صُبح اُٹھے، تو مینڈک بہت غمگین ہو کر بیٹھا تھا۔

But when they awoke the following morning, Frog just sat there in a miserable heap.

''اُس نے چُوہے سے کہا کہ مَیں ٹھیک نہیں ہُوں۔ مَیں بہت بیمار ہُوں۔ مَیں وسیع دُنیا میں نہیں جانا چاہتا۔ مَیں گھر کے لئے بہت اُداس ہُوں!''
''آپ دُنیا کا چکر لگانے کے لئے بہت چھوٹے ہو،'' چُوہے نے کہا۔ ''آپ بیمار نہیں ہو، بلکہ گھر کے لئے اُداس ہو۔''

"Rat, I'm not well. I feel so ill. I don't want to go to the wide world. I miss home so much!"
"You're just too small for a trip around the world," said Rat. "You're not ill, you're homesick."

’’گھر کے لئے اُداس ہُوں؟‘‘ مینڈک اُچھل پڑا۔ ’’کیا یہ بہت بُری بات ہے؟‘‘
’’نہیں بہت بُری نہیں،‘‘ چُوہے نے کہا۔ ’’آپ ٹھیک ہو جاؤ گے جب گھر پہنچ جاؤ گے۔‘‘
’’گھر ۔۔۔ ‘‘ مینڈک نے خواب کے اندر میں بڑبڑاتے ہُوئے کہا۔
’’یہی بات ہے،‘‘ چُوہے نے کہا۔ ’’ہم واپس جا رہے ہیں۔‘‘

“Homesick?” Frog jumped up in alarm. “Is that very bad?”
“Not very,” said Rat. “You’ll be better once you’re home.”
“Home . . . ” murmured Frog dreamily.
“That’s it,” said Rat. “We’re going back.”

اَب مینڈک کو اور اُٹھانے کی ضرورت نہ تھی۔ وہ چھلانگ لگا کے آگے گیا، پیٹ، بطخ اور خرگوش کے پاس واپس جانے کے لئے۔
چُوہے! کو ہنسی آگئی۔ ''کیا آپ کو واپس جانا اچھا نہیں لگا؟'' مینڈک نے پُوچھا۔
''نہیں، نہیں،'' چُوہے نے کہا۔ ''مَیں بھی تھوڑا سا گھر کو یاد کر رہا تھا۔ اسی طرح ہونا چاہیئے تھا۔''

Frog didn't need to be carried any longer. He bounded on ahead, back to Pete and Duck and Hare. Rat had to laugh.
"Do you mind going back?" asked Frog.
"No, no," said Rat. "I was also missing home a bit. That's how it should be."

آخر کار، گھنٹوں چلنے کے بعد، مینڈک نے چلا کر کہا۔ ''دیکھو! ہم تقریباً قریب پہنچ گئے ہیں!''
اور یقین کے لئے دُور سے ہی اُنہوں نے پیٹ، بطخ اور خرگوش کو دیکھا جو کہ اِن کا انتظار کر رہے تھے۔
مینڈک اِس طرح سے اُڑ کر دوستوں کے پاس گیا جیسے اُس کے پَر لگ گئے ہوں۔

At last, after hours of walking, Frog gave a shout. “Look! We’re nearly there!”
And, sure enough, in the distance they saw Pete and Duck and Hare waiting for them.
Frog flew towards his friends as if he had wings.

''خُوش آمدید!'' خرگوش نے کہا۔ ''آپ کا ٹرپ کیسا رہا؟''
''بہت خُوب!'' مینڈک نے خُوش ہو کر کہا۔ ''وسیع دُنیا بہت خُوبصورت ہے۔''

"Welcome home!" called Hare. "How was your trip?"
"Fantastic!" sang Frog. "The wide world is so beautiful."

''اور ہم نے بہت مہم جوئی کی ہے۔ وہاں پر شیر، ٹائیگرز اور ۔۔۔''
''جلدی اندر آ جاؤ،'' پیٹ نے کہا، ''اور ہمیں ساری باتیں بتاؤ۔ مَیں نے ابھی ابھی ایک کیک بنایا ہے اور آپکو بُھوک بھی لگی ہو گی۔''
یہی بات تو مینڈک سُننا چاہتا تھا۔

"And we've had *such* adventures. There were lions and tigers and . . . "
"Come inside at once," said Pete, "and tell us all about it. I have just baked a cake and you must be hungry."
That was just what Frog wanted to hear.

اُنھوں نے میز کے اِرد گِرد بیٹھ کر پیٹ کا بنایا ہُوا کیک کھایا، جبکہ مینڈک نے خوفناک طُوفان کے مُتعلق بتایا اور اُنھوں نے کِس قدر بہادری کا مظاہرہ کیا؛ جو پہاڑوں پر چڑھے اور جو خُوبصورت مناظر دیکھے۔ ''لیکن پِھر بھی گھر کی طرح کوئی جگہ نہیں ہے،'' مینڈک نے کہا، اپنوں سے مِل کر، گرم چھوٹے سے بستر میں جا کر بہت خُوش ہُوا۔

They sat around the table eating Pete's delicious cake, while Frog described the terrible storm and how brave they had been; the mountains they had climbed and the sights they had seen. "But there's still no place like home," said Frog, and he thought happily to himself of his own, nice, warm, little bed.

Full of anticipation, Frog joins Rat on his travels in se[illegible] adventure. But Frog soon misses his friends and discovers that wi[illegible]d is very far from home . . .

Max Velthuijs is a prize-winning artist, whose books approach important topics with gentle humour.

Milet dual language titles featuring Frog and his friends: *Frog is Frog, Frog is a Hero, Frog and the Stranger, Frog and the Wide World.*

£7.99

MILET